شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

20مئی2026ء

# پریس ریلیز

## امریکی شہر سان ڈیا گو میں 2افراد کا مسجد پر حملہ کر کے 5 مسلمانوں کو شہید کر دینا کُھلی دہشت گردی ہے۔

## (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** امریکی شہر سان ڈیا گو میں 2افراد کا مسجد پر حملہ کر کے 5 مسلمانوں کو شہید کر دینا کُھلی دہشت گردی ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ امریکہ خود کو عالمی حقوق کا علمبر دار قرار دیتا ہے جبکہ حقیقت یہ ہے کہ گزشتہ دو دہائیوں کے دوران مسلمانوں کے خلاف سب سے بڑا دہشت گرد خود امریکہ ثابت ہوا ہے۔ امریکہ نے حکومتی سطح پر خود اور اسرائیل کی معاونت کرتے ہوئے لاکھوں کی تعداد میں مسلمانوں کو شہید کیا ہے۔ پھر یہ کہ امریکہ میں رہنے والے مسلمانوں کو ہر وقت نسل پرست اور مذہبی جنونی سفید فام دہشت گردوں سے خطرہ رہتا ہے، جس کی تازہ مثال ریاستِ کیلیفورنیا کے شہر سان ڈیا گو میں مسجد پر 2دہشت گردوں کا حملہ ہے جس میں 5 مسلمانوں کو شہید اور کئی کو زخمی کر دیا گیا، جس کی ہم شدید مذمت کرتے ہیں۔ انا اللہ وانا الیہ راجعون! امیر تنظیم نے حکومتِ پاکستان سے مطالبہ کیا کہ وہ دنیا بھر میں اسلاموفوبک دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے واقعات کا معاملہ اقوامِ متحدہ سمیت ہر متعلقہ فورم پر زوردار انداز میں اُٹھائے۔

جاری کردہ
**رضاءالحق**
مرکزی ناظم نشرواشاعت